بیگ ورم

کئی کیڑے خودکوشکار سے محفوظ بنانے کے لئے طرح طرح کے حیلے اختیار کرتے ہیں۔اسی طرح سے بیگ ورم قدرت کی ایک ایسی تخلیق ہے جولکڑی کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں سے اپنے لیے گھر بناتا ہے۔ بیگ ورم کوقدرتی انجینئر کہا جائے تو غلط نہ ہوگا جو پتوں، گرد، گھاس، لکڑی کے ٹکڑوں سے اپنے گرد خول بناتا ہے جو دیکھنے میں بہت خوبصورت معلوم ہوتے ہیں۔کبھی یہ خول لکڑی کا گھر لگتا ہےاور کبھی پتوں کا خوبصورت ڈھیر دکھائی دیتا ہے۔ بیگ ورم کا کیڑا ایک طرح کا ریشم جیسا تار خارج کرتا ہےاوراس سے مختلف اشیا کو جوڑ کر اپنی پناہ گاہ بناتا ہے۔اس طرح وہ اپنے ماحول میں دیگر جانداروں کا نوالہ بننے سے بچ جاتے ہیں۔سائنسدانوں نے اب تک بیگ ورم(Clania crameri) کی42اقسام کو دیکھا ہےاور ہر کیڑا دوسرے سے قطعی مختلف گھر بناتا ہے۔ایک خول کا انداز دوسرے کے خول سے یکسر جدا اور حیرت انگیز ہوتا ہے۔اچھی بات یہ ہے کہ خود یہ کیڑا اس گھر سے نہیں چپکتا اور جب چاہےاس سے الگ ہوجاتا ہے۔